مقدس متی (محصل سے رسول)

مقدس متی کا تعلق گلیل سے تھا اور آپ حلفائی کے بیٹے تھے۔آپ کو لاوی کہہ کر بھی پکارا جاتا تھا۔آپ رومی حکومت کیلئے محصول جمع کرنے پر مامور تھے۔ایک روز جب آپ کفرنحوم کے علاقے میں اپنے فرائض سرانجام دے رہے تھے تو ہمارے خداوند وہاں سے گزرے۔اور انہوں نے آپ سے کہا کہ ''میرے پیچھے ہولو''۔یہ سنتے ہی آپ نے اپنا سب کچھ چھوڑ کر خداوند کی شاگردی اختیار کر لی۔آپ اپنے پیشے کی وجہ سے پہلے ہی ناپسند کئے جاتے تھے۔اوراب اِس فیصلے پر لوگوں نے نہ صرف آپ پر جملے کہنا شروع کئے بلکہ خداوند یسوع مسیح کو بھی گنہگاروں کا دوست قرار دیا۔اسی وجہ سے ہمارے خداوند نے ایک بار کہا تھا کہ'' تندرستوں کو نہیں بلکہ بیماروں کو طبیب درکار ہے'' اور یہ بھی کہ'' میں آیا ہوں تاکہ راستبازوں کو نہیں بلکہ گنہگاروں کو ڈھونڈوں اور بچاؤں''۔آپ نے ارامی زُبان میں انجیلِ مقدس تحریر کی۔جسے کلامِ مقدس میں نئے عہد نامے کے شروع میں جگہ دی گئی ہے۔آپ کی تحریر سے اندازہ ہوتا ہے کہ آپ نے اُس وقت کے ایمانداروں اور غیر مسیحیوں کو مدِنظر رکھ کر یہ سارے احوال تحریر کئے۔مسیحیوں کو آپ یہ درس دینا چاہتے تھے کہ وہ دُکھوں، مصیبتوں اور آزمائش کے وقت ایمان میں مضبوط رہیں اور غیر مسیحیوں پر آپ نے یہ واضح کیا کہ مسیحا جو آنے والا تھا وہ خداوند یسوع مسیح کے روپ میں درحقیقت آگیا ہے۔آپ منادی کی غرض سے ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے رہے۔جن میں فارس(موجودہ ایران)اور

ایتھوپیا (افریقہ) قابلِ ذکر ہیں۔ ایتھوپیا میں ہی آپ شہادت نصیحت ہوئی۔ مقدس متی کی عید ہر سال 21 ستمبر کو منائی جاتی ہے۔

اے خداوند ہمارے خدا! ہم تیرا شکر ادا کرتے ہیں کہ تُو نے اپنے پیارے بیٹے ہمارے خداوند یسوع مسیح کی زندگی، تعلیم اور معجزات کو ہم تک پہنچانے کیلئے مقدس متی کو وسیلہ بنایا۔ ہمیں یہ فضل دے کہ ہم اُس کی انجیل کو، اُس کی بیان کردہ تعلیمات کو بغور پڑھیں اور عمل میں لاتے ہوئے دوسروں تک خوشخبری پھیلائیں۔ آمین

اے مقدس متی ہمارے واسطے دُعا کر!